# کارکنان کے حقوق کا بل

Urdu | اردو

Bill de Blasio
Mayor

Consumer Affairs

Lorelei Salas
Commissioner

**NYC میں کام کرنے والے کارکنان کو، ترک وطن کی حیثیت سے قطع نظر، حقوق حاصل ہیں۔**

محکمہ برائے صارف معاملات (Department of Consumer Affairs, DCA) دفتر برائے لیبر پالیسی اور معیارات (Office of Labor Policy & Standards, OLPS) کارکنان کے لیے NYC کا مرکزی وسیلہ ہے۔

DCA سے رابطہ کرنے کے لیے:

- 311 پر کال کریں (NYC کے باہر سے 212-NEW-YORK پر)
- OLPS@dca.nyc.gov پر ای میل کریں۔
- nyc.gov/dca ملاحظہ کریں۔

# مشمولات کا جدول


## آپ کے حقوق


تنخواہ کے ساتھ حفاظت اور بیماری کی چھٹی ............... 2
تنظیم سازی کا حق .............................. 3
کم از کم اجرت ................................ 4
اوور ٹائم .................................... 5
عدم امتیاز کی حامل جائے کار ..................... 6
خودمختار ٹھیکے دار کے طور پر کیے گئے کام کی ادائیگی ........ 7
محفوظ اور صحتمندانہ جائے کار .................... 8


## صنعت اور کارکنان کے حوالے سے مخصوص حفاظتیں


ملبوسات کی صنعت ............................ 9
بلڈنگ سروس کے کارکنان ........................ 9
تعمیراتی کارکنان ............................. 10
گھریلو کارکنان .............................. 10
فاسٹ فوڈ کے کارکنان ......................... 11
سرکاری ٹھیکے کا کام .......................... 11
گروسری کے کارکنان .......................... 12
کم عمر بچے ................................ 12
نیل سیلون کے کارکنان ........................ 12
ٹپ حاصل کرنے والے کارکنان .................... 13

# تنخواہ کے ساتھ حفاظت اور بیماری کی چھٹی



اگر آپ نیو یارک شہر میں سالانہ 80 گھنٹے سے زیادہ کام کرتے / کرتی ہیں تو آپ اپنے استعمال کے لیے یا کسی بھی ایسے شخص کی مدد کے لیے جسے آپ اپنا کنبہ تصور کرتے /کرتی ہوں 40 گھنٹے تک کی حفاظت اور بیماری کی چھٹی لے سکتے / سکتی ہیں۔

بیماری کی چھٹی کا استعمال دیکھ بھال اور علاج کے لیے کریں۔

حفاظت کی چھٹی کا استعمال خانگی تشدد، خلاف مرضی جنسی رابطے، تعاقب کرنے، یا انسانی تجارت کے کسے فعل یا خطرے کے لیے مدد طلب کرنے یا دیگر حفاظتی اقدامات کرنے کے لیے کریں۔

اگر آپ کے آجر کے پاس پانچ یا زیادہ ملازمین ہیں، تو آپ کو تنخواہ کے ساتھ حفاظت اور بیماری کی چھٹی حاصل کرنے کا حق حاصل ہے۔

اگر آپ کے آجر کے پاس پانچ سے کم ملازمین ہیں، تو آپ کو تنخواہ کے بغیر حفاظت اور بیماری کی چھٹی حاصل کرنے کا حق حاصل ہے۔

اگر آپ کوئی گھریلو کارکن ہیں تو صفحہ 10 ملاحظہ کریں۔

حفاظت اور بیماری کی چھٹی کرنے یا اس کی درخواست دینے کی وجہ سے آجر کی طرف سے آپ کے خلاف انتقامی کارروائی خلاف قانون ہے۔

معلومات یا DCA کے پاس شکایت درج کروانے کے لیے:

- **311** پر کال کریں (NYC کے باہر سے 212-NEW-YORK پر)
- **nyc.gov/PaidSickLeave** ملاحظہ کریں
- ای میل کریں **PSSL@dca.nyc.gov**

وفاقی قانون کے تحت، آپ کو تنخواہ کے بغیر اضافی چھٹی لینے کا حق بھی حاصل ہو سکتا ہے: کچھ کارکنان، جو 50 سے زائد ملازمین رکھنے والے آجروں کے پاس کام کرتے ہیں، اپنی یا اپنے خاندان کے کسی رکن کی دیکھ بھال کرنے یا کسی نئے بچے کے ساتھ وقت گزارنے کے لیے ہر سال 12 ہفتے تک کی تنخواہ کے بغیر  چھٹی لے سکتے ہیں۔ چھٹی اکٹھی یا مختلف اوقات کے دوران لی جا سکتی ہے۔

جنوری *2018* سے، نیو یارک میں زیادہ تر کارکنان کسی نئے بچے کے ساتھ وقت گزارنے، شدید طور پر بیمار کسی قریبی رشتہ دار کی دیکھ بھال کرنے یا فوجی خاندان کی مخصوص ضروریات پوری کرنے کے لیے تنخواہ کے ساتھ خاندانی چھٹی لینے کے اہل ہوں گے۔ چھٹیوں کی تعداد اور تنخواہ چار سالوں پر مشتمل مرحلوں میں لاگو کی جائے گی، جو 2018 میں 8 ہفتوں کے لیے کارکنان کی 50٪ تنخواہ سے شروع ہو گی۔

معلومات یا شکایت درج کروانے کے لیے رابطہ کریں:

**U.S. Department of Labor**
866-487-9243 | dol.gov/whd

**U.S. Department of Labor Division Office in NYC**
212-264-8185

**New York State Paid Family Leave**
844-337-6303 | "Paid Family Leave" تلاش کریں، ny.gov



## تنظیم سازی کا حق

آپ کام کے ایسے پہلو، جو آپ کے لیے اہمیت رکھتے ہوں، بشمول یہ کہ آیا آپ کسی یونین کو اپنا نمائندہ بنانا چاہتے/چاہتی ہیں، کے متعلق اپنے رفقائے کار کے ساتھ کئی سرگرمیوں میں شامل ہو سکتے/سکتی ہیں۔ آجر آپ کو تنظیم سازی کرنے یا اپنے رفقائے کار کے ساتھ کام کے حالات کے بارے میں بات کرنے پر دھمکا نہیں سکتے، آپ کے ساتھ امتیازی سلوک نہیں کر سکتے یا آپ کے خلاف بصورت دیگر کارروائی نہیں کر سکتے۔

معلومات یا شکایت درج کروانے کے لیے رابطہ کریں:

**National Labor Relations Board**
866-667-NLRB | 866-667-6572 | NLRB.gov

اگلے صفحے پر جاری ہے >

**New York Regional Office (Manhattan/Bronx)**
26 Federal Plaza, Room 3614
New York, NY 10278
212-264-0300

**Brooklyn Regional Office (Brooklyn/Queens/Staten Island)**
2 MetroTech Center
100 Myrtle Avenue, 5th Floor
Brooklyn, NY 11201
718-330-7713



## کم از کم اجرت

آپ کو کام میں صرف شدہ ہر گھنٹے کے لیے، بشمول آپ کی طے شدہ شفٹ سے پہلے اور/یا بعد کےکاموں اور کام کے دوران سفر پر صرف شدہ وقت کے لیے ادائیگی ہونی چاہیئے۔

31 دسمبر 2017 سے، درج ذیل کم از کم اجرتوں کا اطلاق ہوتا ہے:

| **نیویارک شہر میں کم از کم اجرتیں – نرخوں کا شیڈول** | **12/31/17** | **12/31/18** | **12/31/19** |
|---|---|---|---|
| **فاسٹ فوڈ کے آجران** | | | |
| کارکنان کی کوئی بھی تعداد | $13.50 | $15.00 | |
| **دیگر تمام آجران** | | | |
| 10 یا کم کارکنان | $12.00 | $13.50 | $15.00 |
| 11 یا زیادہ کارکنان | $13.00 | $15.00 | |

یہ ٹپ حاصل کرنے والے کارکنان کے لیے خصوصی نرخ ہیں۔

معلومات یا شکایت درج کروانے کے لیے رابطہ کریں:

**New York State Department of Labor**
888-469-7365 | labor.ny.gov

**New York State Department of Labor – NYC District Office**
212-775-3880

**U.S. Department of Labor – Division Office in NYC**
212-264-8185



## اوور ٹائم

اگر آپ ایک ہفتے میں 40 گھنٹے سے زیادہ کام کرتے/کرتی ہیں، تو آپ کے آجر کو 40 سے اوپر گھنٹوں کے لیے آپ کو ادائیگی کے معمول کے نرخ کا 1.5 گنا ادا کرنا چاہیئے۔


معلومات یا شکایت درج کروانے کے لیے رابطہ کریں:

**New York State Department of Labor**
888-469-7365 | labor.ny.gov

**New York State Department of Labor – NYC District Office**
212-775-3880

**U.S. Department of Labor**
866-487-9243 | dol.gov/whd

**U.S. Department of Labor – Division Office in NYC**
212-264-8185



## عدم امتیاز کی حامل جائے کار

شہری، ریاستی اور وفاقی قانون، کارکنان کے ساتھ درج ذیل خصوصیات کی بنیاد پر امتیازی سلوک کرنے سے منع کرتا ہے:

- عمر
- غیر ملکی ہونا یا شہریت کی کیفیت
- رنگ
- معذوری یا متصّور معذوری
- جنس، صنف یا صنفی شناخت (جنسی ایذا دہی شامل ہے)
- ازدواجی حیثیت یا پارٹنرشپ کی حیثیت
- قومی پس منظر
- حمل
- نسل
- مذہب/مسلک
- جنسی رحجان
- گرفتاری یا سزا کا ریکارڈ
- نگہداشت دھندہ کی حیثیت
- صارف کی کریڈٹ ہسٹری
- بیروزگاری کی حالت
- گھریلو تشدد، چھپ کر تعاقب کیے جانے اور جنسی جرائم کا نشانہ بننے کی حیثیت
- امتیازی سلوک کی مخالفت کرنے پر انتقامی کاروائی
- جنیٹکس
- خاندانی کیفیت
- فوج سے تعلق

قانون کسی ایسے فیصلوں میں امتیاز سے منع کرتا ہے جن سے ملازمت کی شرائط و ضوابط کی خلاف ورزی ہوتی ہو۔

معلومات یا شکایت درج کروانے کے لیے رابطہ کریں:

**NYC Commission on Human Rights**
311 یا 718-722-3131 پر کال کریں | nyc.gov/humanrights

**U.S. Equal Employment Opportunity Commission**
800-669-4000 | eeoc.gov

**New York State Division of Human Rights**
888-392-3644 | dhr.ny.gov



## خودمختار ٹھیکے دار کے طور پر کئے گئے کام کی ادائیگی

اگر آپ NYC میں فری لانس کارکن ہیں، تو آپ کو قانونی حقوق حاصل ہیں، جن میں شامل ہیں:

- **تحریری معاہدہ**

$800 یا زیادہ کے تمام معاہدے لازماً تحریری شکل میں ہونے چاہیئں۔ اس میں آپ کے اور آجر پارٹی کے درمیان 120 دن کے کسی بھی دورانیے میں طے پانے والے وہ تمام معاہدے شامل ہیں جن کی مجموعی مالیت $800 ہو۔ تحریری معاہدے میں آپ کے کام؛ کام کی اجرت اور ادائیگی کی تاریخ کے بارے میں تفصیل لازمی موجود ہونی چاہیئے۔ تحریری معاہدہ کی ایک نقل آپ کو اور ایک آجر فریق کو لازمی طور پر اپنے پاس رکھنی چاہیئے۔

- **بروقت ادائیگی**

آجر فریق کو تمام مکمل کردہ کام کے لیے آپ کو لازماً ادائیگی کرنی چاہیئے۔ آپ کو معاہدہ میں درج کردہ تاریخ پر یا اس سے پہلے ادائیگی کی جانی چاہیئے۔ اگر معاہدہ میں ادائیگی کی کوئی تاریخ درج نہ ہو تو آجر فریق کو کام مکمل ہونے کے 30 دن کے اندر آپ کو ادائیگی کرنی چاہیئے۔

- **قانونی چارہ جوئی کا حق**

آپ آجر فریق کے خلاف عدالت میں ہرجانے کا دعویٰ دائر کر سکتے/سکتی ہیں۔ اگر آپ کو آپ کے کام کے لیے وقت پر ادائیگی نہیں کی جاتی تو آپ کو قابل ادائیگی رقم کا دوگنا، انتقامی کارروائی کا ہرجانہ اور اٹارنی کی فیس اور اخراجات وصول کرنے کا حق حاصل ہے۔

معلومات یا DCA کے پاس شکایت درج کروانے کے لیے:

- **311** پر کال کریں (NYC کے باہر سے 212-NEW-YORK پر)
- **Freelancer@dca.nyc.gov** پر ای میل کریں
- **nyc.gov/dca** ملاحظہ کریں

## محفوظ اور صحتمندانہ جائے کار

آپ کی جائے کار کو صحت و سلامتی کے معلوم خطرات سے محفوظ ہونا چاہیئے۔ آپ کو کام پر درپیش خطرات کے بارے میں معلومات اور تربیت حاصل کرنے کا حق بھی حاصل ہے۔

معلومات یا شکایت درج کروانے کے لیے رابطہ کریں:

**Occupational Safety and Health Administration (OSHA)**
800-321-OSHA | 800-321-6742 | OSHA.gov

**Manhattan Area Office**
201 Varick Street, Room 908
New York, NY 10014
212-620-3200

**Queens District Office of the Manhattan Area Office**
45-17 Marathon Parkway
Little Neck, NY 11362
718-279-9060

اگر آپ کام کے دوران زخمی ہو جاتے/جاتی ہیں، تو قطع نظر اس کے کہ ذمہ دار کون ہے، آپ اپنی اجرت اور طبی علاج کے کچھ حصے کو کور کرنے کے لیے معاوضے کے بھی اہل ہو سکتے/سکتی ہیں۔

معلومات یا کارکنان کے معاوضے کا دعویٰ دائر کرنے کے لیے رابطہ کریں:

**New York State Workers' Compensation Board**
877-632-4996 | wcb.ny.gov

**Brooklyn District Office (Brooklyn, Staten Island)**
111 Livingston Street, 22nd Floor
Brooklyn, NY 11201

**Manhattan District Office (Bronx, Manhattan)**
215 West 125th Street
New York, NY 10027

**Queens District Office**
168-46 91st Street, 3rd Floor
Jamaica, NY 11432

## ملبوسات کی صنعت

ملبوسات کا کام کرنے والے کارکنان کو لازمی طور پر ریاست کا مقرر کردہ کم از کم معاوضہ اور اوور ٹائم ادا کیا جانا چاہیئے، چاہے وہ ٹھیکے پر کام کر رہے ہوں۔ نیویارک میں کام کرنے کے لیے آجروں کو لازمی طور پر ریاست نیویارک کے محکمہ لیبر کے پاس رجسٹر شدہ ہونا چاہیئے۔

مزید معلومات کے لیے، ملاحظہ کریں:

- **labor.ny.gov** اور "Apparel Industry Task Force" (ریاست نیویارک) تلاش کریں
- **dol.gov** اور "Wage and Hour Division" (ریاست ہائے متحدہ امریکہ) تلاش کریں

## بلڈنگ سروس کے کارکنان

اس عمارت کی قسم کی بنیاد پر، جس میں آپ کام کرتے/کرتی ہیں، ہو سکتا ہے کہ آپ اس قانون کے احاطے میں آتے/آتی ہوں، جو آپ کے آجر سے کم از کم اجرت سے زیادہ نرخ پر ادائیگی کرنے کا تقاضہ کرتا ہے۔

مزید معلومات کے لیے، **labor.ny.gov** ملاحظہ کریں اور "building service industry" تلاش کریں۔

NYC کا ڈسپلیسڈ بلڈنگ سروس ورکرز ایکٹ (Displaced Building Service Workers Act) عمارات کے نئے مخصوص مالکان، مینیجرز، ٹھیکے داروں اور کاروباری پٹے داروں سے 90 دن کی عبوری مدت کے دوران پہلے سے موجود بلڈنگ سروس کے ملازمین برقرار رکھنے کا تقاضہ کرتا ہے۔ عبوری مدت کے احتتام پر، اگر نیا آجر آپ کی کارکردگی کو قابل اطمینان سمجھتا ہو، تو آپ کو لازمی طور پر متسلسل ملازمت کی پیشکش کی جانی چاہیئے۔

اگلے صفحے پر جاری ہے >

معلومات کے لیے DCA کے دفتر برائے لیبر پالیسی اور معیارات سے رابطہ کریں:

- **OLPS@dca.nyc.gov** پر ای میل کریں
- **nyc.gov/dca** ملاحظہ کریں

## تعمیراتی کارکنان

اگر آپ ریاست نیویارک میں تعمیراتی کارکن ہیں، تو آپ کو عمومی طور پر جائے کار کے قوانین کی رو سے تحفظ شدہ ملازم سمجھا جاتا ہے۔ اگر آپ تعمیراتی کارکن ہیں لیکن آپ سے بطور خودمختار ٹھیکے دار برتاؤ کیا جا رہا ہے، تو آپ قانونی مشاورت حاصل کر سکتے/سکتی ہیں۔

مزید معلومات کے لیے، **labor.ny.gov** ملاحظہ کریں اور "construction workers" تلاش کریں۔

## گھریلو کارکنان

اگر آپ کوئی اجرت یافتہ کیئر کارکن ہیں، جیسے کہ کوئی دایہ، ہاؤس کلینر یا گھر پر صحت سے متعلق معاون ہیں تو نیو یارک ڈومیسٹک ورکرز کے حقوق کا بل (New York Domestic Workers' Bill of Rights) آپ کو اوور ٹائم کی ادائیگی، آرام کے لیے ایک ہفتہ وار دن، ہر سال تنخواہ کے ساتھ آرام کے تین دن، اور جنسی اور نسلی ایذا دہی سے تحفظ فراہم کرتا ہے۔ نیو یارک شہر کا تنخواہ کے ساتھ حفاظت اور بیماری کی چھٹی کا قانون آپ کو سالانہ تنخواہ کے ساتھ آرام کے تین دن کے علاوہ تنخواہ کے ساتھ بیماری اور حفاظتی مقاصد کے لیے چھٹی فراہم کرتا ہے۔

حقوق اور وسائل کے متعلق معلومات کے لیے DCA کے دفتر برائے لیبر پالیسی اور معیارات کے اندر موجود بامعاوضہ نگہداشت ڈیویژن سے رابطہ کریں:

- **311** پر کال کریں (NYC کے باہر سے 212-NEW-YORK پر)
- **PaidCare@dca.nyc.gov** پر ای میل کریں
- **nyc.gov/dca** ملاحظہ کریں

مزید معلومات کے لیے، **labor.ny.gov** ملاحظہ کریں اور "domestic worker" تلاش کریں۔

## فاسٹ فوڈ کے کارکنان

ذیل میں 2017 اور 2018 میں کم از کم اجرت کے نرخ مذکور ہیں۔

| نرخوں کا شیڈول | 12/31/17 | 12/31/18 |
|---|---|---|
| | $13.50 | $15.00 |

مزید معلومات کے لیے، **labor.ny.gov** ملاحظہ کریں اور "fast food workers" تلاش کریں۔

## سرکاری ٹھیکے کا کام

ایسے مخصوص کاروبار، جو عوامی کاموں کے پراجیکٹس مکمل کرنے یا مخصوص خدمات انجام دینے کے لیے حکومتی ایجنسیوں کے ساتھ معاہدے کرتے ہیں، انہیں اپنے ملازمین کو "اجرت کا مروجہ نرخ" یا "گزارے کے لیے اجرت کا نرخ"، جو کم از کم اجرت سے زیادہ ہوتا ہے، ادا کرنا پڑ سکتا ہے اور بینیفٹس یا اضافی ضمنی اجرت فراہم کرنی پڑ سکتی ہے۔

مزید معلومات کے لیے، ملاحظہ کریں:

- **comptroller.nyc.gov** اور "Prevailing Wage" (نیویارک شہر) تلاش کریں
- **labor.ny.gov** اور "The Bureau of Public Work" (ریاست نیویارک) تلاش کریں
- **health.ny.gov** اور "Medicaid Home Care Workers" (ریاست نیویارک) تلاش کریں
- **dol.gov** اور "Government Contracts" (ریاست ہائے متحدہ امریکہ) تلاش کریں

## گروسری کے کارکنان

اگر آپ کسی ایسے گروسری اسٹور پر کام کرتے/کرتی ہیں، جسے بیچ دیا جاتا ہے، تو سابقہ مالک کو لازمی طور پر آپ کو ملکیت میں تبدیلی اور آپ کے ملازمت کے حقوق کے بارے میں مطلع کرنا چاہیئے۔ فروخت کے بعد، نئے مالک پر اسٹور کے تمام موجودہ عملے کو فروخت کی تاریخ کے بعد کم از کم 90 دنوں کے لیے نوکری پر برقرار رکھنا لازم ہے۔ 90 دن کے بعد نیا مالک اس بات کا فیصلہ کر سکتا ہے کہ آیا موجودہ کارکنان میں سے کسی کو ملازمت پر برقرار رکھنا ہے یا نہیں۔

معلومات یا DCA کے پاس شکایت درج کروانے کے لیے:

- **311** پر کال کریں (NYC کے باہر سے 212-NEW-YORK پر)
- **grocerylaw@dca.nyc.gov** پر ای میل کریں
- **nyc.gov/dca** ملاحظہ کریں

## کم عمر بچے

اس بارے میں پابندیاں موجود ہیں کہ 18 سال سے کم عمر بچے کس قسم کا اور کتنے گھنٹوں کے لیے کام کر سکتے ہیں۔

مزید معلومات کے لیے، **labor.ny.gov** ملاحظہ کریں اور "Laws Governing the Employment of Minors" (ریاست نیویارک) تلاش کریں۔

## نیل سیلون کے کارکنان

نیل ورکرز کے لیے حقوق کا بل نیل سیلونز سے مخصوص حفاظتی تقاضے پورے کرنے اور مناسب تنخواہیں دینے کا تقاضہ کرتا ہے۔

مزید معلومات یا شکایت درج کروانے کے لیے:

- **labor.ny.gov** ملاحظہ کریں اور "nail workers" تلاش کریں۔
- **ٹاسک فورس کی ہاٹ لائن** کو 888-469-7365 پر کال کریں۔
- **labor.ny.gov** ملاحظہ کریں (نیل سیلون کی صنعت میں زیادتی کی اطلاع دینے کے لیے)۔

## ٹپ حاصل کرنے والے کارکنان

ٹپ وصول کرنے والے کارکنان کے لیے اجرت کے خصوصی نرخ اور قوانین موجود ہیں۔ ان نرخوں کو استعمال کرنے کے لیے اہل ہونے کے لیے، کسی آجر کو کارکنان کو لازمی طور پر پیشگی نوٹس دینا چاہیئے کہ وہ ٹپ کریڈٹ کا دعویٰ کر رہے ہیں اور یہ کہ وہ آپ کی ٹپ کا کوئی بھی حصہ نہیں لے سکتے۔

مزید معلومات یا شکایت درج کروانے کے لیے رابطہ کریں:

**New York State Department of Labor**
888-469-7365 | labor.ny.gov

**New York State Department of Labor – NYC District Office**
212-775-3880

**U.S. Department of Labor**
866-487-9243 | dol.gov/whd

**U.S. Department of Labor – Division Office in NYC**
212-264-8185

# نوٹس

# نوٹس

# نوٹس

## DCA کا دفتر برائے
## لیبر پالیسی اور معیارات

کارکنوں کے لیے شہری حکومت میں ایک وقف کردہ آواز ہے۔ کمزور کارکنوں کی مدد کرنے کی ذمہ داری کے ساتھ، OLPS جائے کار پر امیگرینٹس، مختلف رنگ و نسل کے حامل افراد اور خواتین کو متاثر کرنے والے معاملات پر توجہ مرکوز کرنے کے ہمارے مینڈیٹ کو اختیار کرتا ہے۔

OLPS:

- جائے کار کے کلیدی میونسپل قوانین کا **نفاذ کرتا ہے۔**
- اصل تحقیق انجام دیتا ہے اور تعلیم و تربیت **فراہم کرتا ہے۔**
- ایسی پالیسیاں، جو نیویارک شہر کی ارتقاء پذیر معیشت اور افرادی قوت پر اثرپذیر ہوتی ہیں، **تیار کرتا ہے۔**

**Consumer Affairs**

Bill de Blasio
Mayor

Lorelei Salas
Commissioner

نیویارک شہر کا محکمہ برائے صارف معاملات (Department of Consumer Affairs, DCA) فروغ پذیر کمیونٹیز پیدا کرنے کے لئے نیویارک شہر کے رہائیشیوں کی روزمرہ اقتصادی زندگیوں کو تحفظ دیتا ہے اور ان میں بہتری لاتا ہے۔ ہمارے دفتر برائے لیبر پالیسی اور معیارات (Office of Labor Policy & Standards) کے کام کے ذریعے DCA ایسے ٹولز اور وسائل مہیا کر کے کارکن خاندانوں کو مختار بناتا ہے جو انہیں خوشحالی حاصل کرنے اور کام و زندگی میں توازن پیدا کرنے کے لیے درکار ہوتے ہیں۔

02/2019